**امداد سےچلنے والی چینی طب**

**خدمات برائے بیرونی مریضان**

| | |
|---|---|
| **چینی طب کلینکس اور تربیت و تحقیق مراکز**<br><br>تعارف | ہانگ کانگ میں چینی طب (CM) کی پیشہ ورانہ ترقی اور افرادی قوت کی تربیت کو فروغ دینے کے لیے، چینی طب کے کلینکس اور تربیت و تحقیق مراکز (CMCTRs) اس شہر کے تمام 18 اضلاع میں قائم کیے گئے ہیں۔ یہ کلینکس Hospital Authority، غیر سرکاری تنظیموں (NGOs) اور مقامی یونیورسٹیوں کے ذریعے سہ طرفہ تعاون کے ماڈل کے تحت چلائے جاتے ہیں، جبکہ روزمرہ کا انتظام متعلقہ NGOs انجام دیتی ہیں۔ مارچ 2020 میں، CMCTRsکو دوبارہ ترتیب دیا گیا تاکہ وہ اپنی اصل تدریسی اور تحقیقی سرگرمیوں (مثلاً تربیت فراہم کرنا اور تحقیقی منصوبے انجام دینا وغیرہ) کے ساتھ ساتھ حکومتی مالی امداد سے چلنے والی CMکی ضلعی سطح پر بیرونی مریضوں کی خدمات بھی فراہم کریں۔ اس دوران، CMCTRsنے غیر حکومتی مالی امداد سے چلنے والی CM خدمات) جیسے"Tian Jiu" ، ماہرین کے مشورے وغیرہ (کی فراہمی بھی جاری رکھی تاکہ عوام کو زیادہ خدمات کے اختیارات فراہم کیے جا سکیں۔ |
| **حکومتی مالی امداد سےچلنے والی چینی طب**<br><br>**خدمات برائے بیرونی مریضان**<br><br>پس منظر | حکومت نے 2018 کی پالیسی ایڈریس میں اعلان کیا کہ چینی طب (CM) کو ہانگ کانگ کے صحت کے نظام میں شامل کیا جائے گا اور ایک ترقیاتی فریم ورک نافذ کیا جائے گا، جس کے تحت چینی طب کی خدمات کے لیے وسائل میں اضافہ کیا جائے گا، بشمول 18 چینی طب کلینکس اور تربیت و تحقیق مراکز (CMCTRs) کے ذریعے ضلعی سطح پر فراہم کی جانے والی حکومتی مالی امداد سے چلنے والی چینی طب کی بیرونی مریضوں کےلیے خدمات کے۔<br><br>2022کی پالیسی ایڈریس کی ہدایت کے تحت، 18 CMCTRsنے 2023 سے حکومتی مالی امداد سے چلنے والی چینی طب کی بیرونی مریضوں کی خدمات کے سالانہ کوٹے کو تقریباً 600,000 سے بڑھا کر 800,000 کر دیا ہے تاکہ عوام کی طلب کو پورا کیا جا سکے اور زیادہ لوگوں کو فائدہ پہنچایا جا سکے۔ |
| مطلوبہ<br><br>مریضان | ہانگ کانگ کے رہائشی جو اہل ہیں، درج ذیل زمروں میں شامل ہیں:<br>(a)وہ افراد جن کے پاس Registration of Persons Ordinance (Chapter 177) کے تحت جاری کردہ ہانگ کانگ کا شناختی کارڈ ہو، سوائے ان افراد کے جنھوں نے اپنے شناختی کارڈ ہانگ کانگ میں اترنے یا قیام کی سابقہ اجازت کے تحت حاصل کیا ہو، اور وہ اجازت ختم ہو چکی ہو یا غیر مؤثر ہو چکی ہو؛<br><br>(b)وہ بچے جو ہانگ کانگ کے رہائشی ہیں اور 11 سال سے کم عمر کے ہیں؛<br><br>(c)وہ دیگر افراد جنہیں Hospital Authority کے چیف ایگزیکٹو کی جانب سے منظوری دی گئی ہو۔<br><br>وہ افراد جو اہل نہیں ہیں، ان کی درجہ بندی Non-eligible Persons کے طور پر کی جاتی ہے۔ |
| خدمت کا<br><br>دائرہ کار | • عمومی مشاورت (جس میں مشاورت کی فیس شامل ہے اور کلینیکل ضروریات کے مطابق CM مصنوعات کی زیادہ سے زیادہ پانچ خوراکیں)<br>• ایکوپنکچر<br>• Bone-setting/Tui-na (چند کلینکس میں دستیاب) |
| فیس اور<br><br>چارجز | • اہل افراد کے لیے ہر ملاقات پر 120$<br>•<br>• تمام مریضوں کو اپنی اہلیت کی جانچ کے لیے ہانگ کانگ کے رہائشیوں کی اصل اور درست شناختی دستاویزات پیش کرنی ہوں گی۔<br>• |

<table>
<tr><td></td><td>

- Comprehensive Social Security Assistance (CSSA) یا Old Age Living Allowance (OALA) کے وصول کنندگان (75 سال یا اس سے زیادہ عمر) والے افراد کی فیس معاف کر دی جائے گی، بشرطیکہ وہ ہر رجسٹریشن کے وقت درج ذیل اصل اور درست شناختی دستاویزات اور متعلقہ سماجی تحفظ کا نوٹیفکیشن پیش کریں:
- CSSA وصول کنندگان: " Notification of Successful Application" / ""Notification of Revision of Assistance
- OALA وصول کنندگان (75 سال یا اس سے زیادہ عمر والے افراد): " Notification of "Successful Application" / "Notification of Revision of Allowance
- Health Care Voucher اور ڈسکاؤنٹ حکومتی مالی امداد سے چلنے والی CM خدمات کے لیے قابل اطلاق نہیں ہیں۔

</td></tr>
<tr><td>اپوائنٹمنٹ<br>بُکنگ</td><td>

| بکنگ کا طریقہ کار | بُکنگ کا دورانیہ | مریضان |
|---|---|---|
| فون بُکنگ یا<br>"18 CM Clinics" موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے*<br>(صرف چینی اور انگریزی) | اُسی دن یا<br>اگلے ورکنگ ڈے پر | وقتی بیماری کے مریضان<br>(مثال کے طور پر زکام وغیرہ) |
| رجسٹریشن کاؤنٹر<br>پر تصدیق کریں | مشاورت کے 30 دن<br>کے اندر<br>(چینی طبی معالج کی طرف سے تجویز کردہ) | فالو اَپ مریضان |

1. براہ کرم رجسٹریشن کے عمل کے لیے اپنے طے شدہ وقت سے 15 منٹ پہلے تشریف لائیں۔
2. وہ مریض جو اپنے طے شدہ وقت سے 30 منٹ یا زیادہ دیر سے پہنچیں گے، انہیں نئی ملاقات کا وقت لینا ہوگا۔
3. صحت کی دیکھ بھال کے وسائل کے مؤثر استعمال کے پیش نظر، جو مریض اپنی طے شدہ ملاقات پر حاضر نہیں ہو سکتے، براہ کرم متعلقہ کلینک کو جلد از جلد اطلاع دیں۔ منسوخ کردہ وقت کا سلاٹ ان دیگر افراد کے لیے دستیاب کر دیا جائے گا جنہیں ضرورت ہو۔

- وہ مریض جنھوں نے موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے وقت لیا ہے، انہیں اپنی ملاقات کا وقت طے شدہ وقت سے کم از کم ایک گھنٹہ پہلے منسوخ کرنا ہوگا۔
- دیگر کے لیے، براہ کرم متعلقہ کلینک سے رابطہ کر کے ملاقات منسوخ کریں۔

*یہ ان مریضوں کے لیے قابل اطلاق ہے جنھوں نے پہلے 18 **CMCTRs** کی خدمات کے لیے رجسٹریشن کرائی ہو۔ "18 CM Clinics" موبائل ایپ سے متعلق مزید معلومات کے لیے، براہ کرم "18 CM Clinics" Mobile App webpage ملاحظہ کریں۔

</td></tr>
<tr><td>18CMCTRs کے پتہ جات اور بکنگ نمبر</td><td>

| ڈسٹرکٹ | پتہ | بکنگ نمبر |
|---|---|---|
| ہانگ کانگ آئی لینڈ | | |
| سنٹرل & ویسٹرن ڈسٹرکٹ | 1/F ، پاکنز ونگ اینڈ ییو ونگ، ٹُنگ واہ ہاسپیٹل، 12 پو یان سٹریٹ، شیونگ وان، ہانگ کانگ | 2589 4700 |

</td></tr>
</table>

| | | |
|---|---|---|
| ایسٹرن ڈسٹرکٹ | لوور 4th فلور، ویسٹ وِنگ، سپیشلسٹ آؤٹ پیشنٹ بلاک، پیمیلا یوڈے نیتھرسول ایسٹرل ہاسپیٹل، 3 لوک مَین روڈ، چائی وان، ہانگ کانگ | 3197 2000 |
| سدرن ڈسٹرکٹ | 2/F، ابرڈین جوکی کلب کلینک، 10 ابرڈین ریزروائر روڈ، ابرڈین، ہانگ کانگ | 2580 8158 |
| وان چائی ڈسٹرکٹ | 2/F، ٹینگ شِیو کِن ہاسپیٹل کمیونٹی ایمبیولیٹری کیئر سنٹر، 282 کوئینز روڈ ایسٹ، وان چائی، ہانگ کانگ | 3553 3238 |
| کولُون | | |
| کولُون سٹی ڈسٹرکٹ * | یونٹ 401-412، پو مین ہاؤس، اوئی مین ایسٹیٹ، ہو مَین ٹِن، کولون | 2193 7000 |
| یاؤ سِم مونگ ڈسٹرکٹ* | 9/F، بلیک آر، کوئین الزبتھ ہاسپیٹل، 30 گیسکوئیجنے روڈ، جارڈن، کولون | 2618 7200 |
| شام شوئی پو ڈسٹرکٹ | 1/F، چیونگ شا وان گورنمنٹ آفسز، 303 چیونگ شا وان روڈ، شام شوئی پو، کولون | 2194 9911 |
| وانگ تائی سِن ڈسٹرکٹ | G/F & M/F، بلاک سی، ہانگ کانگ بدھسٹ ہاسپیٹل، 10 ہینگ لیم سٹریٹ، لوک فُو، کولون | 2338 3103 |
| وُن تانگ ڈسٹرکٹ | 4/F، این گاؤ تاؤ کوک جوکی کلب کلینک، 60 ٹِنگ آن سٹریٹ، این گاؤ تاؤ کوک، کولون | 3583 4114 (حکومتی مالی امداد سے چلنے والی چینی طبی خدمات)/ 3583 4113 (جنرل انکوائری) |
| نئے علاقہ جات | | |
| تائی پو ڈسٹرکٹ* | G/F، بلاک J، الائس ہو میو لِنگ نیتھرسول ہاسپیٹل، 11 چوئن آن روڈ، تائی پو، نیو ٹیریٹریز | 2663 0004 |
| یوئن لانگ ڈسٹرکٹ* | 3/F، میڈم ینگ فنگ شی ہیلتھ سنٹر، 26 سائی چنگ سٹریٹ، یوئن لانگ، نیو ٹیریٹریز | 2478 5769 |
| ٹوئن من ڈسٹرکٹ* | 5/F، یان اوئی پولی کلینک، 6 ٹوئن لی سٹریٹ، ٹوئن مُن، نیو ٹیریٹریز | 2430 1309 |
| نارتھ ڈسٹرکٹ* | 7/F، فان لنگ ہیلتھ سنٹر، 2 پِک فنگ روڈ، فان لنگ، نیو ٹیریٹریز | 2670 2130 |
| شا ٹِن ڈسٹرکٹ* | G/F، شا ٹِن (تائی وائی) کلینک، 2 مان لائی روڈ، تائی وائی، شا ٹِن، نیو ٹیریٹریز | 2479 2126 |
| سائی کُنگ ڈسٹرکٹ* | 6/F، ایمبیولیٹری کیئر بلاک، سیونگ وان او ہاسپیٹل، نمبر 2 پو ننگ لین، ہینگ ہاؤ، سیونگ وان او، کولون | 2701 1020 |
| سوئن وان ڈسٹرکٹ | 4/F، بلاک سی، یان چائی ہاسپیٹل، 7-11 یان چائی سٹریٹ، سوئن وان، نیو ٹیریٹریز | 2416 0303 |
| وائی سِنگ ڈسٹرکٹ | G/F، ہا وائی چُنگ پولی کلینک & سپیشل ایجوکیشن سروسز سنٹر، 77 لائی چو روڈ، وائی چُنگ، نیو ٹیریٹریز | 2370 2216 |
| آئی لینڈز ڈسٹرکٹ* | 1/F، بلاک 2، ٹُنگ چُنگ ہیلتھ سنٹر، نمبر 6 فُو ٹُنگ سٹریٹ، ٹُنگ چُنگ، لینٹاؤ آئی لینڈ، نیو ٹیریٹریز | 3188 5383 |

***بون سیٹنگ/ٹوئینا سروس فراہم کرتے ہیں**

| | |
|---|---|
| تبصرہ | **CMCTRs**میں خدمات صرف کانٹونیز، انگریزی اور پُتنگوا زبان میں فراہم کی جاتی ہیں۔ وہ مریض جنہیں ترجمانی خدمات کی ضرورت ہو، انہیں اپنی مشاورت کے دوران اپنے مترجم کا خود بندوبست کرنا ہوگا۔ |

## مربوط چینی-مغربی طبی خدمات

| | |
|---|---|
| پس منظر | حکومت کی مقرر کردہ پالیسی ہدایت کے تحت، Hospital Authority (HA) نے 2014 سے مرحلہ وار Integrated Chinese-Western Medicine (ICWM) Pilot Programme (پروگرام) شروع کیا، جسے سہ طرفہ طور پر چینی طب کلینکس اور تربیت و تحقیق مراکز (CMCTRs) کے تعاون سے نافذ کیا گیا، تاکہ ICWM اور چینی طب کی خدمات برائے اندرونی مریضاں کے آپریشنل تجربات حاصل کیے جا سکیں۔چینی طب کو ہانگ کانگ کے صحت کے نظام میں شامل کرنے اور ICWM خدمات کو بہتر بنانے کے لیے حکومت کے پالیسی ایڈریس کے بعد، HA نے 2023 کے اوائل سے ICWM خدمات کو باقاعدہ بنایا اور ان خدمات کو مزید اسپتالوں اور بیماریوں کے ان شعبوں تک پھیلایا جہاں چینی طب فائدہ مند ہے۔<br><br>فی الحال، ICWM خدمات کو HA کے سات اسپتال کلسٹرز کے تحت مقررہ اسپتالوں میں توسیع دی گئی ہے، جو مخصوص بیماریوں کے شعبوں کے HA مریضوں کو خدمات فراہم کرتے ہیں (جن میں فالج کی دیکھ بھال، عضلاتی درد کے انتظام، کینسر کی معاون دیکھ بھال اور کینسر کی دیکھ بھال کا پائلٹ پروگرام شامل ہیں)۔ مقررہ اسپتالوں کی معلومات کے لیے منسلک فہرست ملاحظہ کریں۔ |
| مطلوبہ مریضان | HA کے ایسے مریض جو اہل افراد ہیں، 18 سال یا اس سے زائد عمر کے ہیں اور مغربی اور چینی طبی ٹیموں کی جانچ کے مطابق پروگرام کے معیار پر پورا اترتے ہیں۔<br><br>"اہل افراد" کی تعریف کے لیے، براہ کرم HA website ملاحظہ کریں۔ |
| پروگرام کا مواد | • مقررہ اسپتالوں میں مغربی اور چینی طبی ٹیموں کی طرف سے کلینکل جانچ کے بعد، چینی طبی ٹیم اہل HA مریضوں کو پروگرام میں شرکت کی دعوت دے گی۔<br>• پروگرام میں شرکت مکمل طور پر رضاکارانہ ہے۔ مدعو مریض جو پروگرام میں شرکت کے خواہشمند ہوں، انہیں متعلقہ شرائط و ضوابط سے اتفاق کرنا ہوگا۔<br>• چینی طبی معالج نامزد اسپتالوں میں اندراج شدہ مریضوں کو CM مشاورت فراہم کریں گے۔ کلینیکل جانچ اور مغربی اور چینی طبی ٹیموں کے مشترکہ طور پر تیار کردہ کلینیکل پروٹوکول کے مطابق CM علاج (جیسے چینی ادویات، ایکیوپنکچر وغیرہ) فراہم کیا جائے گا۔<br>• یہ پروگرام مریضوں کے اصل مغربی طبی علاج اور ڈسچارج پلان میں مداخلت نہیں کرے گا۔<br>• ڈسچارج کے بعد، مریض حکومتی مالی امداد سے چلنے والی آؤٹ پیشنٹ CM خدمات یا 18 CMCTRs کی غیر مالی امداد شدہ خدمات کے لیے اپنی ملاقات خود مقرر کر سکتے ہیں۔ |
| فیس اور<br><br>چارجز | • CMCTRs ہر CM ملاقات کے لیے HK$120 وصول کریں گے (جس میں HA اسپتال کی خدمات کی فیس شامل نہیں ہے)۔<br>• اندراج شدہ Comprehensive Social Security Assistance (CSSA) وصول کنندگان کے لیے CM خدمات کی فیس مکمل طور پر معاف ہوگی۔ CSSA وصول کنندگان کو اندراج سے پہلے متعلقہ CMCTRs کو مطلع کرنا ہوگا اور اصل درست معاون دستاویزات فراہم کرنا ہوں گی۔ |

## HA مربوط چینی-مغربی طبی خدمات کے لیے ہسپتالوں کی فہرست

| گروپ | ہسپتال | بیماری کے شعبہ جات | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | سٹروک سے متعلق دیکھ بھال | پٹھوں اور ہڈیوں کے درد کو سنبھالنا | کینسر کی آرام ده دیکھ بھال | کینسر کیئر پائلٹ پروگرام |
| مشرقی ہانگ کانگ | پیمیلا یوڈے نیتھرسول ایسٹرن ہاسپیٹل | ✓ | ✓ | ✓ | |
| | رتن جی ہاسپیٹل | ✓ | | ✓ | |
| مغربی ہانگ کانگ | کوئین میری ہاسپیٹل | ✓ | ✓ | ✓ | |
| | میکلیہوز میڈیکل ریہیبلیٹیشن سنٹر | ✓ | ✓ | | |
| | گرنتھم ہاسپیٹل | | | ✓ | |
| | ٹُنگ واہ ہاسپیٹل | ✓ | | | |
| وسطی کولُون | کوئین الزبتھ ہاسپیٹل | ✓ | ✓ | ✓ | |
| | وانگ واہ ہاسپیٹل | | ✓ | | |
| | ہانگ کانگ بدھسٹ ہاسپیٹل | ✓ | | ✓ | |
| | آور لیڈی آف میرینول ہاسپیٹل | ✓ | | | |
| | کولُون ہاسپیٹل | ✓ | | | |
| مشرق کولُون | یونائٹڈ کرسچن ہاسپیٹل | ✓ | ✓ | ✓ | |
| | ہیون آف ہوپ ہاسپیٹل | ✓ | | ✓ | |
| | سیونگ وان او ہاسپیٹل | ✓ | ✓ | | |
| مغربی کولُون | پرنسس مارگریٹ ہاسپیٹل | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| | یان چائی ہاسپیٹل | ✓ | ✓ | | |
| | کیریٹس میڈیکل سنٹر | ✓ | ✓ | ✓ | |

| گروپ | ہسپتال | بیماری کے شعبہ جات | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | سٹروک سے متعلق دیکھ بھال | پٹھوں اور ہڈیوں کے درد کو سنبھالنا | کینسر کی آرام دہ دیکھ بھال | کینسر کیئر پائلٹ پروگرام |
| نئے مشرقی علاقہ جات | پرنس آف ویلز ہاسپیٹل | ✓ | ✓ | | |
| | شیٹن ہاسپیٹل | ✓ | | ✓ | |
| | چیشائر ہُوم، شیٹن | ✓ | | | |
| | بریڈبری ہاسپائس | | | ✓ | |
| | نارتھ ڈسٹرکٹ ہاسپیٹل | ✓ | ✓ | | |
| | تائی پو ہاسپیٹل | ✓ | ✓ | | |
| نئے مغربی علاقہ جات | ٹوئن من ہاسپیٹل | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| | پوک اوئی ہاسپیٹل | ✓ | ✓ | | |
| | ٹِن شوئی وائی ہاسپیٹل | ✓ | | | |

(آخری تازہ کاری مارچ 2024 میں)

نوٹ: مربوط چینی-مغربی طب کی خدمات مقررہ اسپتال کے وارڈز یا ڈے کیئر سینٹرز میں فراہم کی جاتی ہیں۔